PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 21دسمبر2023

خیبر پختونخوا بار کونسل کا یہ بیان کہ خیبر پختونخوا کی قومی اسمبلی کی سیٹوں میں کمی کر دی گئی ہے، بے بنیاد، حقائق کے منافی اور عوام کے ذہنوں میں ابہام پیدا کرنے کی کوشش ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ 2018میں ہونے والی 25ویں آئینی ترمیم کے مطابق سابقہ فاٹا کو صوبہ خیبر پختونخوا میں ضم کرنے کے بعد فاٹا کی 12 قومی اسمبلی کی نشستوں کو ختم کر کے صوبہ خیبر پختونخوا کی قومی اسمبلی کی نشستوں میں 6 نشستوں کا اضافہ کیا گیا اور یہ بڑھ کر 39 سے 45 کر دی گئیں ہیں۔ اسی طرح خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی میں 16 جنرل سیٹوں کا اضافہ کر کے 99 سے 115 کر دی گئیں ہیں۔ قومی وصوبائی اسمبلیوں کی سیٹوں کا تعین پارلیمنٹ کا استحقاق ہے اور آئین میں ترمیم کے بغیر ان میں کمی یا اضافہ ممکن نہیں ہے آئین کے مطابق مختص کی گئی سیٹوں کے مطابق الیکشن کمیشن نے حلقہ بندی کی ہے۔

الیکشن کمیشن اپنا کام آئین اور قانون کے مطابق بغیر کسی دباو کے سرانجام دے رہا ہے۔

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING